# ماڈیول ۷

## طلبِ علم کا مقصد اور منہجِ سلف

### علم کا مقصد:

علم کا طالب وہ ہے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ہدایت کو سمجھنے اور اپنی زندگی میں عمل کرنے کے لیے علم حاصل کرے۔ قرآن اور سنت کے اصل مفہوم کو سمجھنے کے لیے ہمیں سلف (صحابہ، تابعین، اور تبع تابعین) کے راستے پر چلنا ضروری ہے۔

### منہجِ سلف:

اللہ نے قرآن میں فرمایا: "اور جو شخص رسول ﷺ کی مخالفت کرے، اس کے بعد کہ ہدایت اس پر واضح ہو چکی ہو، اور مومنوں کے راستے کو چھوڑ کر کسی اور راستے پر چلے، تو ہم اسے اسی طرف پھیر دیتے ہیں جہاں وہ جانا چاہتا ہے، اور اس کا انجام جہنم ہے۔" (سورۃ النساء: آیت 115)

اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جو اللہ کے رسول ﷺ اور صحابہ کے طریقے کو چھوڑے گا، وہ گمراہی کا شکار ہو گا۔ سلف کے راستے پر چلنا دین کی اصل سمجھ کا ذریعہ ہے۔

## علم کی اہمیت اور فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ جس کے لیے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے، اسے دین کی سمجھ عطا کرتا ہے۔"

دین میں سمجھ (فقہ) کا مطلب ہے اللہ کے حکم اور رسول ﷺ کی ارشادات کو سمجھ کر اپنی زندگی میں ان پر عمل کرنا۔

اللہ نے فرمایا: "اللہ جس شخص کے لیے ہدایت کا ارادہ کرتا ہے، اس کے سینے کو اسلام کے لیے کھول دیتا ہے۔" (سورۃ الانعام: آیت 125)

اس کا مطلب ہے کہ اللہ اس انسان کے دل کو ہدایت کے لیے خوشگوار اور قبولیت کے لیے تیار کر دیتا ہے۔

## علم کا طریقہ

### علم سے پہلے عمل:

امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: "عمل اور بات کرنے سے پہلے علم کا حاصل کرنا ضروری ہے۔"

اور مزید فرماتے ہیں: "علماء انبیاء کے وارث ہیں۔ اور جس نے علم لے لیا، اس نے بہت بڑا نصیب پالیا۔"

## علم کے آداب اور منازل

1. نیت کی اہمیت: "علم کا پہلا منزل نیت ہے۔" علم حاصل کرنے کا مقصد اللہ کی رضا ہو، نہ کہ دکھاوا یا دنیاوی مفادات۔
2. استماع: غور سے اور پوری توجہ کے ساتھ سننا۔
3. فہم: سنی ہوئی بات کو سمجھنا۔
4. حفظ: سمجھنے کے بعد اسے یاد کرنا۔
5. عمل: علم پر عمل کرنا۔
6. نشر: علم کو آگے پھیلانا۔

**امام عبدالرحمن بن مہدی اور محمد بن نصر الحارثی کے مطابق:**

- علم کی سب سے پہلی منزل استماع ہے۔
- دوسری منزل حفظ ہے۔
- تیسری منزل عمل ہے۔

- چوتھی منزل علم کا پھیلانا ہے۔

**امام اسماعیل کے مطابق:**

1. خاموشی علم کی پہلی منزل خاموشی ہے، جو علم کو اچھے سے سننے اور سمجھنے کے لیے ضروری ہے۔"
2. استماع
3. حفظ آ: جہاں انسان علم کو اچھی طرح سے یاد کرتا ہے اور اس پر عمل کرتا ہے۔

امام محمد بن عبد الرحیم نے علمی مقصد کو واضح کیا ہے۔ علم کے لیے ہمارے پاس چار فرائض ہیں:

1. علمِ وحی: اللہ کی معرفت، رسول ﷺ کی معرفت، اور اسلام کا علم۔
2. عمل: علم پر عمل کرنا۔ (دلیل: سورۃ العصر)
3. دعوت: دوسروں کو علم سکھانا۔
4. صبر: علم کی راہ میں آنے والی تکلیفوں کو صبر سے برداشت کرنا۔

امام ابن قیم رحمہ اللہ کے مطابق علم کی چھ چیزیں:

1. حسن السوال: علم سے متعلق صحیح اور اچھے سوالات کرنا۔
2. حسن السماع: علم کی باتوں کو دھیان سے سننا۔ اللہ نے فرمایا: "جب قرآن پڑھا جائے تو خاموش رہو اور توجہ سے سنو۔" (سورۃ الاعراف: آیت 204)
3. حسن الفہم: علم کو سمجھنا، صرف سننا نہیں۔

4. حفظ: علم کو اچھے طریقے سے یاد کرنا۔

5. تعلیم: علم کو دوسروں کو سکھانا۔

6. عمل: علم پر عمل کرنا۔

## Talab-e-Ilm ka Maqsad aur Manhaj-e-Salaf

**Ilm ka Maqsad:**
Ilm ka talib woh hai jo Allah aur uske Rasool ﷺ ki hidayat ko samajhne aur apni zindagi mein amal karne ke liye ilm hasil kare. Quran aur Sunnat ke asal mafhoom ko samajhne ke liye hume Salaf (Sahaba, Tabi'een, aur Tabi' Tabi'een) ki raah par chalna zaruri hai.

**Manhaj-e-Salaf:**
Allah ne Quran mein farmaya:
"Aur jo shaks Rasool ﷺ ki mukhalifat kare uske baad ke hidayat us par wazeh ho gayi, aur momino ki raah chor kar kisi aur raah par chale, to usay hum usi taraf pher dete hain jahan woh chala gaya, aur uska anjaam jahannum hai."
(Surah An-Nisa, Ayat 115)

Is ayat ka mafhoom yeh hai ke jo Allah ke Rasool ﷺ aur Sahaba ka tareeqa chorega, woh gumrahi ka shikar hoga. Salaf ke raste par chalna deen ki asal samajh ka zariya hai.

## Ilm ka Ahmiyat aur Fazilat

Rasulullah ﷺ ne farmaya: "Allah jis ke liye bhalai ka irada karta hai, usay deen ki samajh de deta hai." Deen mein samajh (*Fiqh*) ka matlab hai Allah ke hukm aur Rasool ﷺ ke irshadat ko samajh kar apni zindagi mein un par amal karna.

Allah ne farmaya: "Allah jis shaks ke liye hidayat ka irada karta hai, uske sine ko Islam ke liye khol deta hai." (Surah Al-An’am, Ayat 125)

Iska matlab hai ke Allah us insaan ke dil ko hidayat ke liye khushgawar aur qabooliyat ke liye tayar kar deta hai.

## Ilm ka Tareeqa

**Ilm se Pehle Amal:**
Imam Bukhari رحمه الله ne farmaya:
"Amal aur baat karne se pehle ilm ka hasil karna zaruri hai."aur mazeed farmatey hain“Ulama Ambiy kay waris hai. Aur jis ne ilm le lye, us ne bahut bara naseeb pa liya.”

## Ilm ke Aadaab aur Manazil

1. **Niyat ka Ahmiyat:**
   **"Ilm ka pehla manzil niyat hai."**Ilm hasil karne ka maqsad Allah ki raza ho, na ke show-sha aur duniya ke maqsad.
2. **Istima:** Ghoor se aur poori tawajjuh ke sath sunna.
3. **Fahm:** Suni hui baat ko samajhna.
4. **Hifz:** Samajhne ke baad use yaad karna.
5. **Amal:** Ilm par amal karna.
6. **Nashar:** Ilm ko aage phelana.

**Imam Abdulrahman bin Mahdi** aur **Muhammad bin Nasr al-Harithi** ke mutabiq:

1. **Istama**
2. **Hifz**
3. **Amal**
4. **Ilm ko pehlana**

**Imam Isma'il** ke mutabiq

1. **Khamoshi** :jo ilm ko ache se sunne aur samajhne ke liye zaroori hai.
2. **Istama**׳ :ghaur se sunna
3. **Hifz**: insaan ilm ko achi tarah se yaad karta hai aur us per amal karta hai.

**Imam Muhammad bin Abdul Rahim** ne ilmi maqsad ko wazeh kiya hai. Ilm ke liye hamare paas Chaar Farz hain:

1. **Ilm-e-Wahi**: Allah ki ma'arifat, Rasool ﷺ ki ma'arifat aur Islam ka ilm.
2. **Ilm per Amal** : Ilm par amal karna.(Daleel:Surah Al Asr)
3. **Ilm ki Da'wah** : Dusron ko ilm sikhana.
4. **Sabr**: Ilm ki raah mein aane wali takleefon ko sabr se bardasht karna.

**Imam ibn Qayyim رحمه الله** ke mutabiq, ilm ke cheh cheezein hain:

1. **Hassan As-Sual**: Ilm se mutaliq sahi aur achay sawalat karna.
2. **Hassan As-Sama'a** : Ilm ki baaton ko dhyan se sunna.
   Allah ne farmaya:Jab Quran parha jaye to khamosh raho aur tawajju se suno." *(Surah Al-A'raf, Ayat 204)*
3. **Hassan Al-Fah** : Ilm ko samajhna, sirf sunna nahi.
4. **Hifz** Yaad karna: Ilm ko achay tareeqe se yaad karna.
5. **Ilm Ka Taalim**: Ilm ko dusron ko sikhana.
6. **Amal** : Ilm per amal karna.